تعارف وتبصرۂ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : توحید اور شرک
مصنف : محمد خان منہاس، خلیل الرحمٰن چشتی
ضخامت : 208 صفحات ۔ قیمت :100 روپے
ملنے کا پتہ: ☆الفوز اکیڈمی E-11/4 اسلام آباد
☆ادارہ منشورات اسلامی، بالمقابل منصورہ ملتان روڈ لاہور

الفوز اکیڈمی اسلام آباد درجن سے زیادہ اسلامی تعلیمات کے موضوعات پر معیاری کتابیں شائع کر چکی ہے، جو عوامی حلقوں اور اسلام پسند افراد میں پذیرائی حاصل کر چکی ہیں۔ الفوز اکیڈمی قرآن وسنت کی تعلیمات کو عام کرنے کے مشن پر رواں دواں ہے۔

زیر تبصرہ کتاب توحید اور شرک کی مختلف اقسام کی وضاحت کرنے والی ایک جامع اور مستند کتاب ہے۔ اسلام دین توحید ہے۔ تمام انبیاء و رسل کی اوّلین پکار یہی تھی کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور یہ کہ شرک بدترین گناہ ہے، لیکن برا ہو شیطان کا کہ وہ توحیدِ خالص کی تفہیم سے انسان کو دور رکھنے کی کوشش کرتا اور شرکیہ امور کو مزین کر کے دکھاتا ہے، حالانکہ قرآن مجید کے اندر توحید کی اہمیت روزِ روشن سے بھی زیادہ واضح اور مبرہن ہے۔ اسی طرح شرک کی شناعت کو بیان کرتے ہوئے اسے ناقابل بخشش گناہ قرار دیا گیا ہے۔

کتاب ''توحید اور شرک'' سولہ ابواب پر مشتمل ہے جن میں توحید کی اہمیت قرآنی آیات اور مستند احادیث کے ذریعے واضح کی گئی ہے۔ ہر باب کے اخیر میں اُس باب کا خلاصہ دیا گیا ہے جس کے پڑھنے سے مختصر طور پر پورے باب کی تعلیم ذہن میں تازہ ہو جاتی ہے۔ پھر چند

سوالات پوچھے گئے ہیں جن کے جوابات تھوڑی سی توجہ سے دیے جا سکتے ہیں۔

الغرض توحید کی حقانیت اور شرک کا بطلان قرآنی آیات کے ذریعے ذہن نشین کرانے کی یہ نہایت کامیاب کوشش ہے۔ جو شخص بھی تعصب اور ضد کی عینک اُتار کر قرآن و سنت کی روشنی میں توحید اور شرک کی حقیقت سمجھنے کا ارادہ رکھتا ہو اُس کے لیے یہ کتاب بہترین راہ نما ہے۔

(۲)

نام کتاب : قرآن و حدیث کی روشنی میں تعلیم و تربیت

مصنف : مفتی حافظ محمد حسام اللہ شریفی

ضخامت : 242 صفحات ۔ قیمت: الوقف للہ

ملنے کا پتہ: مرکزی انجمن سہروردیہ' F-137 سنٹرل ایونیو روڈ' S.I.T.E کراچی

مرکزی انجمن سہروردیہ کراچی علمی حلقوں میں ایک جانا پہچانا نام ہے۔ اس نے اسلامی تعلیمات پر مشتمل کئی معیاری کتب شائع کر کے ہدیتاً تقسیم کیں۔ زیر تبصرہ کتاب ''قرآن و حدیث کی روشنی میں تعلیم و تربیت'' اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

اولاد کی تربیت بڑا نازک اور اہم معاملہ ہے۔ اس میں کوتاہی بعض اوقات والدین کے لیے بڑے سنگین مسائل پیدا کر دیتی ہے۔ مگر یہ مسئلہ جس قدر اہم ہے اُسی قدر نظر انداز شدہ (neglected) بھی ہے۔ آج کے دَور میں معاشی دوڑ دھوپ نے اس قدر شدت اختیار کر لی ہے کہ اکثر والدین اپنی اولاد کی تربیت کی ذمہ داری سے غفلت برت رہے ہیں۔ اس کتاب میں والدین اور اساتذہ کو اُن کے فرائض سے باخبر کیا گیا ہے اور اس کام کی اہمیت بھی واضح کی گئی ہے۔

مصنف نہ صرف مستند عالم دین ہیں بلکہ بچوں اور بڑوں کی نفسیات سے بھی بخوبی آگاہ ہیں۔ انہوں نے بڑے منطقی انداز میں بچوں کی تعلیم و تربیت میں والدین' مدرسے' ماحول اور حکومت کی ذمہ داریوں کو واضح کیا ہے اور مختلف تعلیمی نظریات کو بیان کر کے اسلامی نظریہ تعلیم کی جامعیت واضح کی ہے۔ بچوں کی تعلیم و تربیت کے سلسلے میں یہ کتاب والدین اور اساتذہ کے لیے بہترین گائیڈ ہے۔ مصنف کی یہ کاوش اس قابل ہے کہ ماں باپ' والدین اور سکول و کالج کے اساتذہ اس کتاب سے فائدہ اٹھائیں اور نئی نسل کی تعلیم و تربیت میں کماحقہٗ دلچسپی